www.KitaboSunnat.com

# سگریٹ نوشی سے توبہ

انصار زبیر محمدی

مكتب توعية الجاليات بمحافظة الشماسية
المملكة العربية السعودية - القصيم - الشماسية
هاتف وفاكس ٠٦/٣٤٠١٩١١ ص.ب (١١)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مجلس التحقیق الاسلامی زیر اہتمام

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

# محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

## معزز قارئین توجہ فرمائیں

- **کتاب وسنت ڈاٹ کام** پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- **مجلس التحقیق الاسلامی** کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (**Upload**) کی جاتی ہیں۔
- **دعوتی مقاصد** کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (**Download**) کرنے کی اجازت ہے۔

## تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے
کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی
کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے
درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

45
www.KitaboSunnat.com
عارف محی الدین

اعداد

الشيخ حمد بن ابراهيم الحريقى

# التوبة من التدخين

# سگریٹ نوشی سے توبہ

نقله إلى الأردية

انصار زبیر محمدی

ABU UMAIMAH OWAIS

المملكة العربية السعودية

مكتب توعية الجاليات بمحافظة الشماسية

إشراف وزارة الشئون الإسلامية والاوقاف والدعوة والإرشاد ص ب : (١١) القصيم.

هاتف وفاكس ٠٦٣٤٠١٩١١-٠٦

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

حقوق الطبع محفوظة

| | |
|---|---|
| نام کتاب | سگریٹ نوشی سے توبہ |
| تالیف | الشیخ حمد بن ابراھیم الحریقی |
| ترجمہ | انصار زبیر محمدی |
| اشاعت | اگست ۱۹۹۸ء |
| تعداد | ۱۰۰۰ |
| کمپیوٹر کتابت | ایج کمپیوٹرس، ممبرا۔ تھانہ |
| ناشر | مکتب توعیة الجالیات الشماسیة |
| طباعت | باھتمام مکتبہ نوائے اسلام دہلی |

**يطلب من**

**المملكة العربية السعودية**

**مكتب توعية الجاليات بمحافظة الشماسية**

**اشراف وزارة الشئون الاسلامية والاوقاف والدعوة والارشاد**

**ص ب : (١١) القصيم**

**هاتف وفاكس : ٠٦.٣٤٠١٩١١**

الطبعة الثانية مصححة ومنقحة

١٤٢١ هجري

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

بسم الله الرحمن الرحیم

# فہرست کتاب


| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | كلمة المترجم | ٤ |
| ۲۔ | مقدمة المؤلف | ۷ |
| ۳۔ | سگریٹ پینے والو کیا تم جانتے ہو؟ | ۹ |
| ۴۔ | جھوٹے دعوے | ۱۱ |
| ۵۔ | سگریٹ نوشی کے نقصانات | ۱۳ |
| ۶۔ | حقیقت کے برعکس | ۱۵ |
| ۷۔ | سگریٹ نوشی سے بچاؤ کیسے | ۱۷ |
| ۸۔ | متفرقات | ۱۹ |
| ۹۔ | علمائے سلف کے فتوے | ۲۱ |
| ۱۰۔ | سگریٹ نوشی کی حرمت پر شیخ بن باز کا فتویٰ | ۲۳ |
| ۱۱۔ | شیخ ابن عثیمین کا فتویٰ | ۲۶ |
| ۱۲۔ | افسوسناک انجام | ۲۸ |
| ۱۳۔ | سگریٹ نوشی کیسے ترک کریں؟ | ۳۰ |
| ۱۴۔ | صبح وشام کی دعائیں | ۳۲ |


کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

# كلمة المترجم

الحمد لله رب العٰلمين والصلاۃوالسلام علی أشرف الانبياء و المرسلين نبينا محمد وعلیٰ آله وصحبه اجمعين ، وبعد:

ناظرین کرام! تمباکو کو اگر شرعی نقطۂ نظر سے دیکھا جائے تو اس کے حرام ہونے میں کوئی شبہ باقی نہیں رہ جاتا۔ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے نبی کریم ﷺ کا وصف بیان کرتے ہوئے فرمایا: "یحل لهم الطيبات و يحرم عليهم الخبائث" (الاعراف ۱۵۷)

لوگوں کیلئے پاکیزہ اشیاء کو حلال اور گندی چیزوں کو حرام کرتے ہیں۔

ظاہر سی بات ہے کہ کوئی انصاف پسند تمباکو کو پاکیزہ نہیں کہہ سکتا، یہ سرا سر ایک گندگی ہے، یہ اپنی بدمزاجی اور کریہہ بو کی بنا پر خبیث ہے۔

اس گندی چیز کو خریدنے میں مال خرچ کرنا اسراف اور فضول خرچی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا "ولاتبذر تبذيراً إ ن المبذرين كا نواإخوان الشيطين و كان الشيطان لربه كفوراً" (بنی اسرائیل ۲۷)

اور فضول خرچی نہ کرو، یقیناً فضول خرچی کرنے والے شیطان کے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


بھائی ہیں، اور شیطان اپنے رب کا ناشکرا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی اطاعت و منفعت کے علاوہ کسی دوسرے کام میں پیسہ خرچ کرنا تبذیر (فضول خرچ) کہلاتا ہے۔

اب غور کیجئے کہ تمباکو میں کون سی طاعت و منفعت پائی جاتی ہے؟

ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ "نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن كل مسكر و مفتر" رواه ابو داؤد وصححه الألبانى فى صحيح الجامع رقم (٦٩٧٧) نبی کریم ﷺ نے ہر مفتر و مسکر سے منع فرمایا ہے۔

اس وقت تمباکو تمام شہر و دیہات میں رائج ہے، شہروں میں لوگ مختلف قسم کے سگریٹ مزے سے کش لے کر پیتے ہیں، جبکہ ایک گروہ ایسا ہے جو ہر وقت تمباکو اپنی جیب میں لئے رہتا ہے اور حسبِ ضرورت اسے استعمال کرتا ہے، جسے عرف عام میں (کھینی) کہتے ہیں۔

دیہاتوں میں کچھ لوگوں کے یہاں شام کے وقت بیٹھک ہوتی ہے، جہاں حقہ سے لوگوں کی تواضع کی جاتی ہے گاؤں و محلہ کے بوڑھے لوگ وہاں جمع ہو کر باری باری حقہ پیتے ہیں اور گپ شپ کرتے ہوئے وقت گزارتے ہیں۔ افسوسناک بات تو یہ ہے کہ نئی نسل اپنے بزرگوں سے بھی تیز رفتاری سے اس مہلک مرض کا شکار ہو رہی ہے، غرضیکہ مسلم معاشرہ اس وقت مکمل طور پر تمباکو کی لپیٹ میں آگیا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اس مرض

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


کی اصلاح فرمائے اور مسلمانوں کو اپنی توانائیاں اور اپنے مال صحیح جگہ خرچ کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔(آمین)

زیر نظر کتابچہ میں اسی موضوع پر بحث کی گئی ہے۔ جس سے آپ کو اس کی حرمت و مضرت کا خاطر خواہ اندازہ ہوگا۔ مولف کتاب **فضیلة الشیخ حمد بن ابراهیم الحریقی حفظه الله** دعوت و تبلیغ کے میدان کے معروف شہسوار ہیں۔ اس کتاب کے علاوہ ان کی متعدد مؤلفات ہیں۔ میں نے جب اس کتاب کے ترجمہ کی اجازت طلب کیا تو آپ نے بخوشی اجازت مرحمت فرمائی، **فجزاه الله عنی أحسن الجزاء**۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اس کتاب کو مفید اور نفع بخش بنائے، اور ہمارے آل اولاد کو اس مہلک مرض سے محفوظ رکھے۔(آمین)

انصار زبیر محمدی

**مکتب توعیة الجالیات بمحافظة الشماسیة**

**القصیم، المملکة العربیة السعودیة**

**١٥/ ربیع الثانی ١٤١٩ھ**

۷/ اگست ۱۹۹۸ء

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


بسم اللہ الرحمن الرحیم

**الحمدلله وحده والصلاة و السلام علی من لانبی بعده ،**

**اما بعد :**

میرے بیڑی سگریٹ پینے والے بھائیو!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میں آپ کے اندر دبی ہوئی دینی غیرت اور ایمانی جذبے کو آواز دے رہا ہوں، اور آپ کی اصلاح اور بھلائی کا خواہاں ہوں، اسلئے کہ آپ سگریٹ نوشی کی وجہ سے ایک جرم کا ارتکاب کر رہے ہیں۔ مگر اسلام سے خارج نہیں ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اس برائی سے توبہ کی توفیق عطا فرمائے آمین۔

ڈاکٹروں کے متفقہ فیصلہ کے مطابق سگریٹ نوشی آپ کے جسم کو تباہ و برباد کرنے کے ذرائع میں سے ایک اہم ذریعہ ہے اور یہ ان بری عادتوں میں سے ہے جو اپنے نقصانات کے باوجود سماج اور معاشرہ پر پورے طور پر پھیل گئی ہے۔

سگریٹ جسے لوگ بڑے مزے سے کش لے کر پیتے ہیں، ایک ایسی (نبات) گھاس سے بنایا جاتا ہے جسے (تبغ) کہا جاتا ہے جو نہایت ہی کڑوے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

نشہ آور اور زہریلے مواد پر مشتمل ہوتی ہے۔ افسوس تو یہ ہے کہ جب اسے بعض کتوں اور بلیوں کے سامنے پیش کیا گیا تو انہوں نے بھی اس سے گھن محسوس کیا۔

تو میرے نوجوان بھائی! کیا آپ میرے ساتھ اس گندی و خبیث چیز کی حرمت و مضرت کو سمجھتے ہیں؟

آئندہ صفحات میں یہ اور اسی جیسی چند باتیں آپ کو ملیں گی۔

ہم اللہ تعالیٰ سے اپنے اور آپ کیلئے توفیق اور درستگی کا سوال کرتے ہیں کہ وہ ہمیں ہدایت یاب اور لوگوں کو ہدایت کی راہ دکھانے والا بنائے اور ہمیں خالص توبہ سے نوازے۔ (آمین)

وصلی اللہ علیٰ نبینا محمد وعلیٰ آلہ وصحبہ وسلّم ،

کتبہ آپ کا خیر اندیش بھائی

حمد بن ابراهيم الحريقی

١٤١٦/١/٢٢ھ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


# سگریٹ پینے والو کیا تم جانتے ہو؟

## سگریٹ نوشی کی تباہ کاریاں (اعداد و شمار کی روشنی میں)

۱۔ عالمی صحت کی تنظیم نے ۱۰/۱۰/۱۹۸۳ء کی اپنی ایک رپورٹ میں اعلان کیا ہے کہ "دنیا میں سگریٹ خریدنے پر جتنی رقم خرچ کی جاتی ہے اگر صرف اس کا دو تہائی حصہ صحت کے کاموں میں خرچ کر دیا جائے تو ہر انسان کی صحت کی بنیادی ضرورتیں پوری ہو جائیں گی۔

۲۔ عرب ممالک کے وزراء صحت کی میٹنگ "جس کا پانچواں دورہ ۱۹۸۰ء میں تیونس میں ہوا تھا جس نے سگریٹ کے خطرات سے آگاہ کرنے کیلئے ایک قرارداد پاس کی جو سگریٹ کے تمام پیکٹوں پر لکھا جائے "سگریٹ نوشی" کینسر، پھیپھڑے، دل اور رگوں کی بیماریوں کا بنیادی سبب ہے۔

۳۔ عالمی صحت تنظیم نے بیان کیا ہے کہ صرف امریکہ میں سالانہ تین لاکھ چھیالیس ہزار (۳۴۶۰۰۰) لوگ سگریٹ نوشی کی وجہ سے مر جاتے ہیں۔

اسی طرح برطانیہ میں سالانہ (۵۵۰۰۰) پچپن ہزار اور سویڈن میں (۸) آٹھ ہزار لوگ ہر سال سگریٹ نوشی کے زہریلے اثرات کی وجہ سے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

موت کے گھاٹ اتر جاتے ہیں۔

۴۔ سگریٹ نوشی کی ہلاکت کا اندازہ اس سے لگائیے کہ سالانہ (۱۴۰۰۰۰) ایک لاکھ چالیس ہزار چینی سگریٹ پینے کی وجہ سے موت کے گھاٹ اتر جاتے ہیں۔

۵۔ چین کے شہر (شنگھائی) کے ایک اسپتال میں مریضوں کی طبی جانچ کے بعد یہ پتہ لگایا گیا کہ وہاں پر موجود پھیپھڑے کے کینسر میں مبتلا (۶۶۰) مریضوں میں سے (۹۰) فیصد مریض سگریٹ نوش تھے۔

۶۔ بیڑی، سگریٹ پینے کی وجہ سے مرنے والوں کی تعداد جنگلوں اور گاڑی ایکسیڈنٹ کے حادثہ میں مرنے والوں کی تعداد سے زیادہ ہے۔

۷۔ آوارگی، دین سے دوری کے اسباب میں سے ایک بڑا سبب سگریٹ نوشی بھی ہے۔

۸۔ یومیہ بیس (۲۰) سگریٹ پینے سے جسم سے تقریباً (۱۵) فیصد ہیموگلوبین ختم ہو جاتی ہے جو کہ خون کے سرخ ذرات کی نشو و نما کا بنیادی مادہ ہے۔

۹۔ چھیالیس (۴۶) سال کی عمر تک مرنے والوں میں سگریٹ پینے والے سگریٹ نہ پینے والوں کی بہ نسبت (۲۵) فیصد زیادہ ہوتے ہیں۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

# جھوٹے دعوے

سگریٹ بنانے والی بعض کمپنیاں اور کچھ سگریٹ نوش یہ جھوٹا دعویٰ کرتے ہیں کہ:

۱۔ سگریٹ پینے سے غور فکر میں مدد ملتی ہے، جبکہ صحیح بات یہ ہے کہ سگریٹ نوشی ذہن کو منتشر کر دیتی ہے، غور و فکر کی قوت کم کر دیتی ہے اور سانس لینے میں پریشانی (دمہ) اور حلق میں خشکی پیدا کرتی ہے۔

۲۔ ان کا دوسرا پر فریب دعویٰ یہ ہے کہ سگریٹ نوشی اعصاب کو پر سکون بناتی ہے، جبکہ یہ بھی غلط ہے اسلئے کہ سگریٹ نوشی جسم کے تمام اعصاب (پٹھے) پر برے اثرات مرتب کرتی ہے، اسی طرح سگریٹ پینے سے دل کی دھڑکن تیز ہو جاتی ہے، گھبراہٹ بڑھ جاتی ہے۔

۳۔ سگریٹ نوشی "یا سگریٹ نوشی کی دعوت دے کر اور سگریٹ سے لوگوں کی ضیافت کر کے" لوگوں سے دوستی بنانے میں بڑا تعاون ملتا ہے، جبکہ یہ بھی ایک باطل اور جھوٹا دعویٰ ہے، کیونکہ اس کے ذریعے جو دوست بنائے جاتے ہیں وہ صالح نہیں بلکہ برے دوست ہوتے ہیں۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

۴۔ سگریٹ پینے والوں کا ایک بے بنیاد جھوٹا دعویٰ یہ ہے کہ "سگریٹ نوشی تھکاوٹ دور کرتی ہے" جبکہ صحیح یہ ہے کہ سگریٹ پینے سے تھکاوٹ بڑھتی اور جسم نحیف و لاغر ہوتا ہے، کیونکہ سگریٹ نوشی سے مختلف بیماریاں لاحق ہوتی ہیں اور پٹھوں اور جسم کے دوسرے اعضاء اور ان کے عمل میں خلل پڑتا ہے۔

۵۔ "سگریٹ پینے سے رنج و غم دور ہو جاتا ہے" جبکہ اس سلسلے میں صحیح یہ ہے کہ اس سے رنج و غم میں اضافہ ہوتا ہے، سگریٹ پینے والے کی پریشانیاں بڑھ جاتی ہیں، پھر سب سے بڑا نقصان یہ ہے کہ وہ شخص کھلے عام لوگوں کے سامنے اللہ کی نافرمانی کا مرتکب ہوتا ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


# سگریٹ نوشی کے نقصانات

سگریٹ نوشی کے نقصانات بہت زیادہ ہیں جسے دکتور محمد علی البار نے اپنی کتاب "التدخين و اثر ه علی الصحة" میں بڑی تفصیل سے بیان کیا ہے۔

سگریٹ پینے کے چند نقصانات یہ ہیں۔

۱۔ سگریٹ نوشی ایمان کو کمزور اور بندے کو رحمن سے دور کر دیتی ہے۔

۲۔ سگریٹ نوشی سے بھوک کم لگتی ہے۔

۳۔ سگریٹ نوشی سے ٹی بی کی بیماری ہوتی ہے۔

۴۔ سگریٹ نوشی سے سانس لینے میں تکلیف (دمہ کی بیماری) ہوتی ہے۔

۵۔ سگریٹ نوشی سے کھانا دیر میں ہضم ہوتا ہے۔

۶۔ سگریٹ کلیجے کو بالکل کھوکھلا کر دیتا ہے۔

۷۔ سگریٹ نوشی حرکت قلب بند ہونے (ہارٹ فیل) کا سبب بنتی ہے۔

۸۔ سگریٹ پینے سے پھیپھڑے کے کینسر کی بیماری ہوتی ہے۔

۹۔ سگریٹ نوشی بلغم اور کھانسی لاتی ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


۱۰۔ سگریٹ نوشی کمزوری اور دبلا پن میں اضافہ کرتی ہے۔

۱۱۔ سگریٹ نوشی معدے کو زخمی کر دیتا ہے۔

۱۲۔ سگریٹ نوشی آگ لگنے کا بہت بڑا سبب ہے۔

۱۳۔ سگریٹ نوشی بیوی کے دل میں شوہر کے خلاف نفرت کے جذبات پیدا کرتی ہے۔

جسم کے اندر قوت مدافعت کی زیادتی کی وجہ سے جوانی کی عمر میں یہ بیماریاں چھپی رہتی ہیں لیکن عمر ڈھلنے کے ساتھ ظاہر ہو جاتی ہیں۔

کیا سگریٹ نوش اس سے عبرت حاصل کریں گے؟

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



# حقیقت کے برعکس

ایک سگریٹ پینے والے (مسکین) شخص نے سگریٹ کی تعریف کرتے ہوئے بیان کیا، جس سے وہ کافی محبت کرتا تھا اور کیا ہی بری محبت تھی۔

دیکھو تو اس کی ساخت (بناوٹ) کتنی خوبصورت ہے، جو بالکل سیدھی اسطوانی شکل کا نمونہ ہے، جس میں کسی قسم کی کجی نہیں اور اس کا سفید براق لباس اور اس کی فرحت بخش عمدہ خوشبو جو تفریح قلب کا سامان فراہم کرتی ہے اور دل کو باغ باغ کر دیتی ہے، نیز رنج و غم کو دور کر دیتی ہے۔

اس سے زیادہ اطاعت شعار میں نے کسی کو دیکھا ہی نہیں وہ اپنی جگہ (پیکٹ) سے بڑی آسانی کے ساتھ میرے پاس آجاتی ہے اور میرے ہونٹوں کے درمیان آہستہ سے اپنی جگہ لے لیتی ہے اور میرے شدت محبت کے باعث میرے ہونٹوں سے چمٹ جاتی ہے، وہ ہونٹ جو بچوں کو پیار بھرا بوسہ دینے کیلئے اور والدین واعزہ کی تکریم کیلئے بنائے گئے ہیں۔

اس کا میرے اوپر بڑا احسان ہے، یہ مجھے خوشی فراہم کرنے کیلئے خود کو جلاتی رہتی ہے اور میرے اردگرد گھیرا ڈالے ہوئے بہت ساری بے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

چینیوں اور پریشانیوں کو دور کر دیتی ہے اور جب میرے ہونٹوں کو کسی فوری ضرورت کا احساس ہوتا ہے تو میں اسے اپنی دو انگلیوں کے درمیان لے لیتا ہوں اور اس پر وہ مسرور و مطمئن رہتی ہے اور اس کا ہلکا ہلکا دھواں میرے ارد گرد پھیلتا رہتا ہے اور اگر اسے میں ہاتھوں میں نہ لینا چاہوں تو اسے سجے سجائے ٹرے میں رکھ دیتا ہوں، جو کہ سگریٹ نوشوں کی صفائی ستھرائی کا خیال رکھنے اور ان کے احترام کے اظہار کیلئے بنائے گئے ہیں۔

اس کے انجام تک پہنچنے سے پہلے تم مجھے دیکھتے ہو کہ میں اس کا آخری (الوداعی) کش لیتا ہوں، اس کے بعد نرمی کے ساتھ اسے اسی ٹرے میں رکھ دیتا ہوں اور میں اسے محبت بھری نگاہوں کے ساتھ الوداع کہتا ہوں نہ کہ افسوس کے ساتھ، کیونکہ مجھے یقین ہے کہ میری طلب پر بغیر کسی پریشانی کے مجھے اس کا ہم مثل دستیاب ہو جائیگا۔ کیونکہ ہمیشہ میری جیب میں سگریٹ کا پیکٹ موجود ہوتا ہے، بلکہ کبھی کبھی احتیاطاً دو پیکٹ رکھ لیتا ہوں، ذرا اس کے پیکٹ کو تو دیکھو کس قدر خوبصورت ہے، دلربا و دلکش ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


# سگریٹ نوشی سے بچاؤ کیسے؟

اس میں کوئی شک نہیں کہ ہر مرض کا علاج ہے، اسی طرح سگریٹ نوشی کی بیماری کا بھی علاج ہے، جس کے چند نسخے حاضر خدمت ہیں۔

۱۔ گھر کے تمام لوگوں کی بہترین و اعلیٰ ایمانی تربیت کی جائے۔

۲۔ گھر اور مدرسہ اور دوسری جگہوں پر نیک و صالح آئیڈیل موجود رہے تاکہ ابتدا ہی سے ان کی زیر شفقت رہ کر ان کے اچھے اخلاق کو اپنایا جاسکے۔

۳۔ مدرس و استاذ مدرسہ کے بچوں کے سامنے، مربی و سرپرست چھوٹے بچوں کے سامنے سگریٹ نہ پئیں۔

۴۔ سگریٹ نوشی کے خطرات کے اظہار کیلئے منظم اشتہاری مہم چلائی جائے، جگہ جگہ اسٹیکر و پوسٹر آویزاں کر کے اس کے زہریلے اثرات کو بیان کیا جائے۔

۵۔ تمام قسم کے سگریٹ پر بھاری ٹیکس لگا دیئے جائیں۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


۶۔ کام کرنے کی جگہوں، بس اسٹینڈ، بندرگاہوں اور ہوائی اڈوں وغیرہ پر سگریٹ پینا ممنوع کردیا جائے۔

۷۔ سگریٹ نوشی کی حرمت کے بیان میں علماء کے فتاویٰ کو عام کیا جائے۔

۸۔ طبی تحقیقات کا نچوڑ اور اس کے عظیم و واضح خطرات کو عام کیا جائے۔

۹۔ جمعہ کے خطبے، جلسے اور اجتماعات، دروس و لیکچرز وغیرہ میں اس کے خطرات کو بیان کیا جائے اس کی خطرناکی کے بیان میں ڈاکٹروں کی تحقیقات وغیرہ شائع کی جائیں۔

۱۰۔ سگریٹ پینے والوں کو تنہائی میں بٹھا کر نصیحت کی جائے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


# متفرقات

۱۔ برطانیہ میں روزانہ (۴۴) آدمیوں کی سگریٹ نوشی کے سبب موت واقع ہو جاتی ہے۔

۲۔ سگریٹ کے آخر کا آدھا حصہ شروع کے نصف حصہ کی بہ نسبت زیادہ زہریلے مواد پر مشتمل ہوتا ہے۔

۳۔ ۱۹۶۲ء میں اٹلی کی حکومت نے ایک قانون پاس کیا (جسکا نمبر ۶۵ ہے) جس میں سگریٹ نوشی سے روکتے ہوئے اس سے قطع تعلق پر ابھارا ہے۔

۴۔ بعض ڈاکٹروں کا کہنا ہے کہ ہمارے پاس ابھی تک اس کے مکمل ثبوت نہیں ہیں، مگر انسانی زندگی پر اسکے خطرات اس قدر زیادہ اور بھیانک ہیں کہ ہمارا ضمیر گوارا نہیں کرتا۔ اسلئے ہمیں چاہیئے کہ سگریٹ پینے والوں کو اس کے عظیم و ہلاکت خیز خطرات سے آگاہ کرتے رہیں۔

۵۔ شیخ محمد بن عبداللہ المسوتی سگریٹ اور سگریٹ نوشوں کے لئے بہت ہی سخت تھے۔ یہاں تک کہ آپ کی تمام معروف تالیفات سگریٹ نوشی کی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


حرمت کے بیان میں ہیں۔

مثلاً ۱. تبصرة الإخوان فی بیان اضرار التبغ المشهور بالدخان،

۲. عقود الجواهر الحسان فی بیان حرمة التبغ المشهور بالدخان،

۳. الإیضاح والتبیین فی حرمة التدخین،

بیان کیا جاتا ہے کہ عرب اور اسلامی دنیا میں سگریٹ سب سے پہلے ۱۰۱۲ھ میں متعارف ہوا۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


# علماء سلف کے فتوے

## شیخ عبداللہ بن محمد کا فتویٰ

شیخ عبداللہ بن محمد رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ”جو شخص تمباکو کی حرمت جاننے کے باوجود تمباکو پیئے تو اسے (۸۰) کوڑے لگائے جائیں گے۔

اور اگر کوئی اسکی حرمت کا حکم جانے بغیر اسے پی لے تو اس پر کوئی حد نہیں ہے اسے توبہ واستغفار کا حکم دیا جائے گا اور جو شخص یہ کہے کہ تمباکو نہ تو حلال ہے نہ ہی حرام تو ایسا شخص جاہل ہے، وہ جانتا ہی نہیں کہ وہ کیا کہہ رہا ہے۔

آپ نے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے فرمایا کہ جب دو شخص کسی آدمی کے منہ سے تمباکو کی بو نکلنے کی شہادت دے دیں تو اسے (۸۰) کوڑے لگائے جائیں گے۔

نیز ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے فرمایا کہ اگر دو شخص کسی کے بارے میں سگریٹ پینے کی گواہی دے دیں تو اسے (۴۰) کوڑے لگائے جائیں گے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

نیز فرمایا کہ جو شخص تمباکو کی کھیتی کرے، یا اسکے گھر یا سامان میں تمباکو پایا جائے، یا وہ تمباکو پیتا ہو تو اسے تادیبی ضرب لگائی جائے گی۔

## شیخ خالد بن احمد کا فتویٰ

شیخ خالد بن احمد جو فقہاء مالکیہ میں سے ہیں، فرماتے ہیں کہ: تمباکو پینے والے کی امامت درست نہیں، اور تمباکو کی تجارت بھی درست نہیں، اسی طرح کسی بھی نشہ آور چیز کی تجارت جائز نہیں ہے۔

شیخ عبداللہ البابطین رحمہٗ اللہ فرماتے ہیں کہ: جو شخص تمباکو سے محبت رکھے یا اسے پینے کا عادی ہو اور اسکی خباثت کو نہ دیکھے تو وہ اس گبریلا (کیڑے) کے مانند ہے جو گندگی میں رہتا ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


# علمائے عصر حاضر کے فتوے

## سگریٹ نوشی کی حرمت پر علامہ شیخ بن باز حفظہ اللہ کا فتویٰ

ذیل میں عالم اسلام کے معروف عالم دین سعودیہ عرب کے مفتی عام علامہ شیخ عبدالعزیز بن باز حفظہ اللہ کا ایک فتویٰ حاضر خدمت ہے، جس سے آپ کو سگریٹ نوشی کی حرمت و مضرت کا اندازہ ہو گا۔

س : بیڑی سگریٹ پینے اور ان کی خرید و فروخت (تجارت) کا کیا حکم ہے؟

ج : سگریٹ اپنی غلاظت (گندگی) اور بہت سارے نقصانات کی وجہ سے حرام ہے۔

اللہ تعالیٰ نے کھانے پینے کی چیزوں میں سے اپنے بندوں کے لئے پاکیزہ و عمدہ چیزوں کو حلال کیا ہے اور گندی و خبیث چیزوں کو حرام قرار دیا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا : " **یسئلونک ما ذا أحل لهم قل احل لكم الطيبات** " **(المائده ٤)**

لوگ آپ سے دریافت کرتے ہیں کہ ان کے لئے کیا کچھ حلال ہے آپ کہہ دیجئے کہ تمام پاکیزہ چیزیں تمہارے لئے حلال کی گئی ہیں۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


اللہ تعالی نے اپنے نبی محمد ﷺ کی صفت بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ

" يأمرهم بالمعروف وينهاهم عن المنكر ويحل لهم الطيبات ويحرم عليهم الخبائث " (الأعراف ۱۵۷)

وہ رسول ان کو نیک باتوں کا حکم فرماتے ہیں، اور بری باتوں سے منع کرتے ہیں، اور پاکیزہ چیزوں کو حلال بتاتے ہیں، اور گندی چیزوں کو ان پر حرام فرماتے ہیں۔

اور سگریٹ اپنی تمام قسموں کے ساتھ پاکیزہ چیزوں میں سے نہیں ہے، بلکہ وہ گندی چیزوں میں سے ہے، ایسی تمام نشہ آور چیزیں گندگی کا ایک حصہ ہیں۔

سگریٹ کا پینا، اسکا خریدنا اور بیچنا یا تجارت کرنا جائز نہیں ہے، بلکہ اسکی خرید و فروخت اور تجارت شراب ہی کی طرح حرام ہے۔

اس واسطے جو شخص اسے نوش کرتا ہے، اسکی تجارت کرتا ہے، اسکے لئے ضروری ہے کہ وہ اللہ کی طرف پلٹے، اور اللہ سے توبہ کرنے میں جلدی کرے، اور جو کچھ گزر گیا اس پر ندامت و شرمندگی کا اظہار کرے، اور دوبارہ ایسی غلطی نہ کرنے کا عہد کرے، اور جو شخص سچی توبہ کرے گا اللہ تعالیٰ اسکی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


توبہ قبول فرمائے گا، جیسا کہ اللہ تعالی نے فرمایا: "وتوبوا إلى الله جميعاً أيها المؤمنون لعلكم تفلحون" (سورۃالنور ۳۱)

اے ایمان والو تم سب کے سب اللہ کی بارگاہ میں توبہ کرو تاکہ تم نجات پاؤ۔

اللہ تعالی نے فرمایا: " وإني لغفار لمن تاب وآمن وعمل صالحاً ثم اهتدى " (طٰہٰ ۸۲)

ہاں بیشک میں انہیں بخش دینے والا ہوں جو توبہ کریں، ایمان لائیں ، نیک عمل کریں اور راہ راست پر بھی رہیں۔

من فتاویٰ الشیخ عبدالعزیز بن باز کتاب الدعوۃ۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


# شیخ ابن عثیمین حفظه الله کا فتویٰ

یہ سوال سعودیہ عربیہ کی هيئة كبار العلماء کے رکن شیخ محمد بن صالح العثیمین حفظه الله کی خدمت میں پیش کیا گیا،

س : میں جناب عالی سے تمباکو و سگریٹ نوشی کا حکم دلائل کی روشنی میں جاننا چاہتا ہوں؟

ج : حقہ اور سگریٹ پینا حرام ہے، اسکی دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے:
"ولا تقتلوا أنفسكم إن الله كان بكم رحيماً" (سورة النسا ۲۹)
اور اپنے آپ کو قتل نہ کرو، یقیناً اللہ تعالی تم پر نہایت مہربان ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان "ولا تلقوا بأيدكم إلى التهلكة" (البقرة ۱۹۵) اور اپنے ہاتھوں ہلاکت میں نہ پڑو۔

علم طب میں یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ ان چیزوں کا استعمال نقصان دہ ہے، اور جب کوئی چیز نقصان دہ ہو گی تو وہ حرام ہو گی۔

اس کی حرمت کی دوسری دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے: "ولاتؤتوا السفهاء أموالكم التى جعل الله لكم قياما" (سورة النساء ۵)

اور بے وقوف و بے عقل لوگوں کو اپنا مال نہ دے دو، جس مال کو اللہ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


تعالیٰ نے تمہاری گزران کے قائم رکھنے کا ذریعہ بنایا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے بے وقوف کے ہاتھ میں مال دینے سے منع فرمایا ہے، اسلئے کہ وہ اسے برباد کریں گے اور فضول خرچ کریں گے، اور اس میں کوئی شک نہیں کہ حقہ اور سگریٹ خریدنے میں مال خرچ کرنا مال کی بربادی و فضول خرچی ہے، تو اس آیت سے دلیل پکڑتے ہوئے اس سے روکا جائیگا اور اسے حرام قرار دیا جائے گا۔

اور حدیث سے اسکی حرمت کی دلیل یہ ہے کہ نبی ﷺ نے مال ضائع و برباد کرنے سے منع فرمایا ہے "نهىٰ عن اضاعة المال" اور ان پینے کی چیزوں میں مال خرچ کرنا مال کا ضیاع ہے اور اسلئے بھی کہ نبیؐ نے فرمایا: "لا ضرر و لا ضرار" نہ خود نقصان اٹھاؤ نہ دوسروں کو نقصان پہنچاؤ، اور ان چیزوں کا استعمال نقصان کا باعث ہے، یہ چیزیں انسان کو اپنا دیوانہ بنا دیتی ہیں، جب وہ انہیں نہیں پاتا ہے تو پریشان ہو جاتا ہے اور اس پر دنیا تنگ محسوس ہونے لگتی ہے اور پھر وہ اپنے نفس پر وہ چیزیں داخل کر دیتا ہے جن سے وہ بے نیاز ہوتا ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


# افسوس ناک انجام

میرے سگریٹ پینے والے بھائی!

میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ یہ قصہ پڑھو، اور اس پر خوب غور و فکر کرو، اسلئے کہ اس میں سگریٹ کے عادی نوجوانوں کا بھیانک انجام ہے، جو انتہائی دردناک ہے اور تمہیں اس کی کیا خبر، اگر تم بھی ہمیشہ سگریٹ پیتے رہے تو شاید تمہارا بھی انجام ایسا ہی ہو جائے، اس واسطے تم اللہ سے توبہ کرو اور آج ہی سے سگریٹ پھینک دو، اب میں تمہیں اس نوجوان کا قصہ سناتا ہوں،

جس کی عمر ۲۵ سال تھی، جو چند سالوں سے سگریٹ نوشی کے جال میں پھنس گیا تھا، ایک دن اچانک اس کے دل میں درد شروع ہوا، اسے فوراً اسپتال میں داخل کیا گیا، چند دن تک اسے ایمر جنسی وارڈ میں ڈاکٹروں کی خصوصی نگرانی میں رکھا گیا، ڈاکٹر نے اس نوجوان کیلئے سگریٹ پر پابندی لگادی تھی، اسلئے کہ بیماری کا اصل سبب یہی سگریٹ تھا۔ اس کی عیادت کرنے والوں کی بھی جانچ کی جاتی تاکہ وہ چپکے سے اس کے لئے سگریٹ نہ لے جاسکیں۔ چند دنوں کے علاج میں وہ روبہ صحت ہونے لگا اور پہلے کی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

طرح اس کی پھرتی واپس آنے لگی۔ مگر چونکہ اس نے ڈاکٹر کی ہدایات و تعلیمات کا لحاظ نہیں کیا اور دوبارہ سگریٹ پینا شروع کر دیا۔ ایک دن لوگوں نے اسے غائب پا کر تلاش کرنا شروع کیا تو وہ سگریٹ کی پیکٹ کے ساتھ حمام (سنڈاس) میں مردہ پایا گیا۔

ہم اللہ سے عافیت و سلامتی کی دعا کرتے ہیں۔ یہ ایک انتہائی دردناک اور افسوسناک انجام ہے جسے ہم ہر سگریٹ نوش تک پہنچانا چاہتے ہیں کہ جب وہ سگریٹ کا رسیا نوجوان مرا تو اس کے ہاتھ میں سگریٹ تھا اور وہ حمام میں مرا۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


# سگریٹ نوشی کیسے ترک کریں؟

میرے پیارے بھائی !

شاید آپ اسکی حرمت پر مطمئن ہو گئے ہوں گے اور سماج و معاشرہ اور خود اپنے نفس پر اس کے نقصانات سے واقف ہو گئے ہوں گے۔ شاید اللہ تعالیٰ آپ کیلئے اس سے توبہ آسان فرمادیں اور اصل میں یہی چیز آپ کیلئے قابل غور بھی ہے۔ اب جبکہ آپ اسے ترک کرنے کا ارادہ کر چکے ہیں، تو ہم چند ایسی چیزیں بتاتے ہیں جن سے اسے چھوڑنا اور دوری اختیار کرنا آسان ہو جائے گا۔

۱۔ جب آپ اس کے نقصانات سے واقف ہو گئے تو سب سے پہلے اللہ تعالیٰ پر مکمل بھروسہ کیجئے اور پھر اسے ترک کرنے کا عزم مصمم کر لیجئے۔

۲۔ یومیہ اپنے نفس پر، اپنے دوست واحباب اور آل واولاد اور پڑوسیوں پر اس کے نقصانات کی ایک فہرست تیار کیجئے

۳۔ حتی الامکان سگریٹ نوشی اور اس کے دھویں سے بھی دور رہیے، اور صاف ستھری ہوا اختیار کیجئے، اور مفید واچھے کاموں میں اپنے آپ کو مشغول رکھا کیجئے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


۴۔جب آپ نے سگریٹ کے نقصانات کو جان لیا اور اس کی حرمت کو پہچان لیا تو آپ کیلئے ضروری ہے کہ اسے اللہ کے واسطے ناپسند کیا کریں اور اللہ کے واسطے اسے ترک کردو، اور سگریٹ پینے والوں کی مجلسوں سے پرہیز کرو۔

۵۔جب تمہیں سگریٹ کی خواہش پیدا ہو تو مسواک یا چیونگم استعمال کرو۔

۶۔ چائے اور قہوہ پینا کم کرو، عمدہ کھانا اور میوہ جات و پھل وغیرہ کا استعمال زیادہ کرو۔

۷۔روزانہ ناشتہ کے بعد لیموں یا انگور یا سنترا کا شربت (جوس) پیا کرو کیونکہ اس سے سگریٹ کی طلب میں کمی واقع ہو گی۔

۸۔اس حقیقت کو اچھی طرح جان لو کہ جو شخص کوئی چیز اللہ تعالیٰ کیلئے ترک کرے گا اللہ تعالیٰ اسے اس سے بہتر چیز جلد یا بہ دیر ضرور عطا فرمائے گا۔

آخر میں عرض ہے کہ اسے ترک کرنے کیلئے آپ کو اخلاص اور پختہ عزم و ارادہ کی ضرورت پڑے گی۔

اللہ تمہیں توفیق بخشے اور تمہاری نگہبانی فرمائے۔(آمین)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


# صبح وشام کی دعائیں

۱۔ آیۃ الکرسی: اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم : اَللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ، لَا تَأْخُذُهُ سِنَةٌ وَّ لَا نَوْمٌ، لَهُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ، مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهُ إِلَّا بِإِذْنِهِ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ أَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ، وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهِ إِلَّا بِمَا شَاءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ وَلَا يَؤُدُهُ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ( سورة البقرة ٢٥٥ )

نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جس نے اسے صبح کے وقت پڑھ لیا تو اسے شام تک جنات سے نجات مل جائے گی، اور جس نے اسے شام کے وقت پڑھا تو صبح تک اسے جناتوں سے چھٹکارا حاصل ہوگا۔

( أخرجه الحاكم ١/٥٦٢ صححه ، الالبانی فی صحیح الترغیب و الترهیب ١/٢٧٣ وعزاه إلى النسائی والطبرانی وقال : اسناد الطبرانی جید)

۲۔ قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ پوری سورہ تین مرتبہ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ پوری سورۃ تین مرتبہ

قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ مکمل سورۃ تین مرتبہ

جس نے یہ سورتیں صبح وشام تین تین مرتبہ پڑھ لیا تو اسے ہر چیز سے کافی ہو جائیں گی (أخرجه ابو ادوود ۳۲۲/٤ والترمذی ٥٦٧/٥ وانظر صحیح ترمذی ۱۸۲/۳)

۳۔ عبداللہ بن غنام رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسولؐ نے فرمایا:

جس شخص نے صبح کے وقت یہ دعا پڑھ لی اس نے اس دن کا شکریہ ادا کرلیا، اور جس نے شام کے وقت یہ دعا پڑھ لی اس نے رات کا شکریہ ادا کرلیا۔

" اَللّٰهُمَّ مَا أَصْبَحَ بِيْ مِنْ نِعْمَةٍ أَوْبِأَحَدٍ مِنْ خَلْقِك ، فَمِنْك وَحْدَك ، لَا شَرِيْكَ لَك فَلَك الْحَمْدُ وَلَك الشُّكْرُ " ( رواه ابو داؤد بسند حسن والنسأئی فی " عمل اليوم والليلة بسند حسن)

ترجمہ: اے اللہ! میرے ساتھ یا تری مخلوق میں سے جس کسی کے ساتھ بھی جس نعمت نے صبح کی وہ نعمت تیری ہی طرف سے ہے، تو اکیلا ہے، تیرا کوئی شریک نہیں، ہر قسم کی حمد و ثناء اور شکر تیرے ہی لئے ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


۴۔ عبداللہ بن عبدالرحمٰن سے مروی ہے وہ اپنے باپ عبدالرحمٰن ابزیؓ سے روایت کرتے ہیں کہ نبیؐ صبح اور شام کے وقت یہ دعا پڑھتے تھے۔

" أَصْبَحْنَا عَلَىٰ فِطْرَةِ الاسْلَامِ وَعَلَىٰ كَلِمَةِ الاخْلَاصِ وَعَلَىٰ دِيْنِ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صلى الله عليه وسلم وَعَلَىٰ مِلَّةِ أَبِيْنَا إِبْرَاهِيْمَ حَنِيْفاً مُسْلِماً وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ "

**( رواه احمد بسند صحيح )**

ترجمہ: ہم نے صبح کی فطرت اسلام پر اور کلمہ اخلاص پر اور اپنے نبی محمد ﷺ کے دین پر اور اپنے باپ ابراھیم علیہ السلام کی ملت پر جو توحید پر تھے۔ مسلمان تھے اور مشرکوں میں سے نہیں تھے۔

۵۔ ابن مسعودؓ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ شام کے وقت یہ دعا پڑھتے تھے، " أَمْسَيْنَا وَأَمْسَى الْمُلْكُ لِلّٰهِ وَالْحَمْدُلِلّٰهِ ، لَاإِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ ، وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ، رَبِّ أَسْأَلُكَ خَيْرَ مَافِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ وَخَيْرَ مَا بَعْدَهَا ، رَبِّ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَافِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ وَشَرِّ مَا بَعْدَهَا ، رَبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكَسْلِ وَسُوْءِ الْكِبْرِ رَبِّ أَعُوْذُبِكَ مِنْ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


عَذَابٍ فِی النَّارِ وَ عَذَابٍ فِی الْقَبْرِ ( رواہ مسلم)

ہم نے شام کی اور ساری بادشاہی (کائنات) نے شام کی اللہ کیلئے اور تمام تعریف اللہ کیلئے ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، وہ اکیلا ہے کوئی اس کا شریک نہیں اسی کی بادشاہی ہے اور اسی کیلئے تعریف اور وہی ہر چیز پر قادر ہے، اے میرے پروردگار! میں تجھ سے رات کی خیر کا اور اس رات کے بعد کی خیر کا سوال کرتا ہوں، اور اس رات کی شر سے اور اس رات کے بعد کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں، اے میرے رب! کاہلی سے اور بڑھاپے کی برائی سے تیری پناہ مانگتا ہوں، اے میرے پروردگار! جہنم کے عذاب اور قبر کے عذاب سے میں تیری پناہ چاہتا ہوں۔

اور صبح کے وقت نبیؐ یہی دعا اس طرح پڑھتے تھے۔ أَصْبَحْنَا وَ أَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ" ہم نے صبح کی اور ساری کائنات نے صبح کی اللہ کیلئے۔

۶۔ ابو ہریرہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ ابو بکر صدیقؓ نے رسول ﷺ سے درخواست کی کہ اے اللہ کے رسول ﷺ! مجھے کچھ کلمات بتادیں جنہیں میں صبح و شام پڑھا کروں آپ نے فرمایا! صبح کے وقت اور شام کے وقت اور سوتے وقت یہ دعا پڑھا کرو۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


اَللّٰهُمَّ فَاطِرَالسَّمٰوٰاتِ وَالْاَرْضِ ، عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ، رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَ مَلِيْكَهُ ، أَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ وَشَرِّالشَّيْطَانِ وَشِرْكِهٖ وَأَنْ أَقْتَرِفَ عَلٰى نَفْسِيْ سُوْءً أَوْأَجُرَّهُ اِلٰى مُسْلِمٍ ( رواه احمد و ابو داؤد والترمذی و البخاری فی الأدب المفرد بسند صحیح)

ترجمہ :اے اللہ آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے ،پوشیدہ اور ظاہر سب کے جاننے والے ، ہر چیز کے مالک اور بادشاہ، میں شہادت دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ میں اپنے نفس کے شر سے اور شیطان کے شر سے اس کے شرک سے تیری پناہ چاہتا ہوں، اور اس بات سے بھی تیری پناہ چاہتا ہوں کہ اپنے اوپر کوئی برائی کروں یا کسی مسلمان کو کوئی تکلیف پہنچاؤں۔

۷۔ عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسولؐ نے فرمایا: جو شخص ہر دن صبح کے وقت اور ہر رات شام کے وقت تین مرتبہ یہ دعا پڑھے اسے کوئی چیز نقصان نہیں پہنچا سکتی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَايَضُرُّ مَعَ اِسْمِهٖ شَيْئٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

فِي السَّمَاءِ، وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ" (رواه احمد والترمذی و ابن ماجه وحسنه الترمذی)

اللہ کے نام سے جس کے نام کے ساتھ کوئی چیز نقصان نہیں پہنچا سکتی، نہ زمین میں نہ آسمان میں اور وہی سننے والا جاننے والا ہے،

۸۔ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول ﷺ نے فرمایا: جو مسلمان بندہ صبح کے وقت اور شام کے وقت تین مرتبہ یہ ذکر پڑھے اس کا اللہ پر حق ہے کہ قیامت کے دن اسے راضی کر دے۔

رَضِيتُ بِاللّٰهِ رَبًّا، وَبِالْاِسْلَامِ دِيْناً، وَبِمُحَمَّدٍ صلى الله عليه وسلم نَبِيّاً۔ (رواه احمدوابن ماجه بسند حسن، و اخرجه الترمذی ایضاً بسند حسن)

ترجمہ: میں اللہ سے راضی ہو گیا اسے اپنا رب مان کر، اور اسلام سے راضی ہو گیا اسے اپنا دین مان کر اور محمد ﷺ سے راضی ہو گیا انہیں اپنا نبی مان کر۔

۹۔ابو ہریرہؓ سے مروی ہے وہ کہتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جو شخص شام کے وقت تین بار یہ دعا پڑھ لے اسے اس رات کا زہر نقصان نہیں پہنچا سکتا۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

ایک دوسری روایت میں ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جو شخص کسی جگہ اترے اور یہ دعا پڑھ لے اسے کوئی چیز تکلیف نہیں پہنچا سکتی یہاں تک کہ اس جگہ سے کوچ کر جائے۔

**أعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ( رواه مسلم واحمد والترمذی بسند حسن)**

ترجمہ: میں اللہ کے کامل کلمات کے ذریعہ اللہ کی تمام مخلوق کے شر سے پناہ چاہتا ہوں۔

۱۰۔ انسؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا: جو شخص صبح و شام کے وقت یہ دعا پڑھے، اللہ تعالیٰ اس کے جسم کا چوتھائی حصہ جہنم سے آزاد کر دیتا ہے اور جو شخص اسے دوبار پڑھے اللہ تعالیٰ اس کا نصف حصہ جہنم سے آزاد کر دیتا ہے، اور جو تین بار پڑھے اس کا تین حصہ اللہ تعالیٰ جہنم سے آزاد کر دیتا ہے اور جو چار بار پڑھے اللہ تعالیٰ اسے مکمل جہنم سے آزاد کر دیتا ہے۔

**اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَصْبَحْتُ أُشْهِدُكَ وَأُشْهِدُ حَمَلَةَ عَرْشِكَ وَمَلَائِكَتِكَ وَجَمِيْعِ خَلْقِكَ بِأَنَّكَ أَنْتَ اللهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ وَأَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ ( رواه ابو داؤد بسند حسن)**

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

اے اللہ میں نے صبح کی، میں تجھ کو گواہ بنا کر تیرے عرش اٹھانے والوں کو اور تیرے فرشتوں کو اور تیری تمام مخلوق کو گواہ بنا کر کہتا ہوں کہ تو ہی اللہ ہے، تیرے سوا کوئی معبود برحق نہیں، تو اکیلا ہے تیرا کوئی شریک نہیں اور محمد ﷺ تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں۔

۱۱۔ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا: جو شخص صبح اور شام کے وقت سو (۱۰۰) مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ "پڑھے تو قیامت کے دن اس کے عمل سے افضل کسی کا عمل نہ ہوگا، سوائے اس شخص کے جس نے اس شخص جیسی دعا پڑھی ہو یا اس سے کچھ زیادہ پڑھا ہو، (رواہ مسلم)

۱۲۔ ابو ہریرہؓ سے مروی ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول ﷺ نے فرمایا جو شخص یہ دعا پڑھے " لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ "

اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں، وہ اکیلا ہے، کوئی شریک نہیں اسی کی بادشاہی ہے اور اسی کیلئے تعریف اور وہی ہر چیز پر قادر ہے۔

آپ ﷺ نے فرمایا: جو شخص صبح کے وقت دس مرتبہ یہ دعا پڑھے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


اس کیلئے اللہ تعالیٰ سو نیکیاں لکھتا ہے، سو گناہ معاف فرماتا ہے اور ثواب میں یہ دعا ایک گردن آزاد کرنے کے برابر ہے اور اسکے ذریعہ اللہ تعالیٰ پڑھنے والے کی شام تک حفاظت فرماتا ہے، اور جو شخص شام کے وقت یہ دعا پڑھے اسے بھی ایسا ہی اجر وثواب ملتا ہے۔ (رواہ احمد بسند حسن)


# المملكة العربية السعودية

## مكتب توعية الجاليات بمحافظة الشماسية

إشراف: وزارة الشئون الإسلامية والاوقاف والدعوة والإرشاد

الاصدار الرابع



هاتف وفاكس ٠٦.٣٤٠١٩١١

ص ب : ١١ الشماسية ـ القصيم.


کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

# التوبة من التدخين

(اللغة الأردو)

أنصار زبير محمدي

06/3341520